© rasailojaraid.com

جو رضاکارانہ طور پر خود پابند دین ہوں - اور دوسروں میں دین کو پھیلائیں - یہ تحریک کی جڑیں ہیں - یہ اگر نہ پھیلیں اور نہ مضبوط ہوں تو منہ اُوپر کر کے پھلوں کے وفور کا منظر دیکھنے کی خواہش عبث ہے -

کتاب کے آخری حصے میں مختلف دینی اکابر سے جو مفید خط و کتابت ایسے مسائل پر بھٹو صاحب نے کی ہے، وہ درج ہے -

---

**مجلہ آئینۂ ایام** | مولف: حافظ محمد انور خلیلی کولوتارڑ - ۱۷۵ سی، سٹیلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ -

یہ مجلہ کا اقبال نمبر (مئی ۸۳ء) ہے - حافظ صاحب کے اداریہ کے بعد پروفیسر اسرار احمد سہاروی نے اقبال کے متعلق ۳ مقالات شامل کیے ہیں - ایک مضمون مولانا امین احسن اصلاحی صاحب کا ہے، ایک مضمون جنگ سے لیا گیا ہے، حصہ نظم بھی اپنے تنوع کے ساتھ دلچسپ ہے - گوجرانوالہ سے اس معیار کی ادبی کوشش بہت گراں قدر ہے -

---

**پیغمبر اسلام حضرت محمد ؐ** | مصنف: پروفیسر کے، ایس، راما کرشنا راؤ - مترجم: میجر (ریٹائرڈ) عنایت اللہ
ناشر: مسز عنایت اللہ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین چونیاں ضلع قصور -

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور زندگی اور مشن کے بارے میں ایک ہندو پروفیسر کے خیالات ہیں - ان میں کچھ پہلو قابلِ گرفت بھی ہیں - مگر بحث کی ضرورت نہیں - ایک بیرونی ناظر نے جس طرح دیکھا، سُنا اور سمجھا اس نے اپنے تاثرات بیان کر دیئے - زیادہ تر تاثرات مؤلف نے مغربی اکابر سے لیے ہیں -

---

**سب رس طنز و مزاح** | مدیر: خواجہ حمید الدین شاہد - پتہ: ڈی ۱۴۳/۳، بلاک بی، تیموریہ، کراچی ۷۴۷۰۰
قیمت فی شمارہ - /۶ روپے - سالانہ /۶۰ روپے -

خواجہ حمید الدین شاہد ایک خیالِ نازک جیسا وجود رکھتے ہیں، اپنی کم جسمانی قوت سے زیادہ کام لینے کا لمبا تجربہ رکھتے ہیں - مصروفیات بہت مگر طبیعت لطیف و نفیس، دماغ کے ایک ایک

© rasailojaraid.com